دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

ڈپارٹمنٹ آف آرٹ ہسٹری اینڈ آرٹ اپریسی ایشن، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے فیکلٹی کے پچھتر سال پورے ہونے پر آرٹ نمائش اور آرٹ ڈیزائن ورکشاپ کا انعقاد کیا

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ڈپارٹمنٹ آف آرٹ ہسٹری اینڈ آرٹ اپریسی ایشن نے فیکلٹی آف فائن آرٹس کے پچھتر سال کا جشن مناتے ہوئے قلم فیسٹول کے حصے کے طور پر مورخہ پچیس سے ستائیس مارچ دو ہزار چھبیس کے درمیان آرٹ نمائش اور ڈیزائن نمائش سے متعلق ایک ورکشاپ کا اہتمام کیا۔

اورون داس نے مذکورہ نمائش ڈیزائن ورکشاپ منعقد کیا جسے دو حصوں میں منقسم کیا گیا تھا۔ پہلا اجلاس اس نکتے پر مرکوز تھا کہ کسی بھی نمائش کے مقصد اور جگہ کے سلسلے میں تفہیم کو بہتر کیا جائے اور مقامی انتظامات کے توسط سے کس طرح بیانیے گڑھے جاتے ہیں اس کے متعلق شرکا کی آزادانہ طور پر غور وفکر کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ اجلاس کا دوسرا حصہ عملی سرگرمی پر مشتمل تھا جس میں طلبہ کو دو گروپ میں تقسیم کر کے انہیں اپنی نمائش کی تجاویز کا خاکہ بنانے اور اسے متصور کرنے، اشترا کی غور وفکر اور عملی سرگرمی کو مہمیز کرنا تھا۔

ورکشاپ کے ساتھ ساتھ 'اکراس دی شولڈر: دی اپر ڈریپس ان انڈی جینس ٹیکسٹائلز' کے عنوان کے تحت مورخہ پچیس مارچ سے ستائیس مارچ دو ہزار چھبیس کے دوران ایک نمائش کا بھی اہتمام کیا گیا تھا جسے مذکورہ شعبے کے طلبہ وطالبات نے تیار اور منعقد کیا تھا۔ نمائش میں تیاری کے مراحل۔ پری لوم، آن لوم اور پوسٹ لوم مراحل کے ذریعے مقامی ٹکسٹائل کو دریافت کیا گیا تھا۔

ان مراحل میں ٹکسٹائلوں کی پیش کش سے نمائش میں مواد، ٹکسٹائل کی روایات کے تہذیبی اور خالص محنت کے پہلوؤں کو اجاگر کیا گیا تھا۔ نمائش کے انعقاد سے مقامی روایات کی اہمیت کے سلسلے میں زائرین کی تفہیم بہتر ہوئی ۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ